
بچوں کا رسالہ

Worksheets for kids



اپنے دین کو سیکھیں
رنگ برنگی دنیا میں

Struggling slaves

Kids

خصوصی پیغام والدین کے لیے

اللّٰہ کا شکر و احسان ہے کہ اس نے ہمیں مسلمان گھرانے میں پیدا کیا اور دین کا راستہ سمجھایا۔ ہم سب جانتے ہیں کہ دنیا کی ترقی میں مسلمانوں کا حصہ ہمیشہ رہا ہے۔ والدین کی بھی یہی خواہش ہوتی ہے کہ ان کی اولاد قابل بنے اور ملت کو فائدہ پہنچائے۔
آج کے دور میں ہر والدین اپنے اولاد کی دینی تربیت بھی بہترین کرنا چاہتے ہیں۔ اسی ضمن میں یہ بچوں کا رسالہ ورک شیٹس کی شکل میں تیار کیا گیا۔
اسکا پرنٹ بنا کر بچوں کو ضرور دیں ۔انشاء اللہ امید ہے کہ یہ worksheets
آپ کو اور بچوں کو بہت پسند آئیں گے۔

اللّٰہ ہم سب کی کوشش کو قبول فرمائے ۔آمین



سبق پھر پڑھ صداقت کا عدالت کا شجاعت کا
لیا جائے گا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

عنوان: توحید

ایک مسلمان کو کیا جاننا ضروری ہے



تمہارا رب کون ہے؟

میرا رب اللہ ہے۔



تمہارا دین کیا ہے؟

میرا دین اسلام ہے۔



تمہارے نبی کون ہے؟

میرے نبی محمد صل اللہ علیہ وسلم ہے۔

یہ تین امور ہے۔

جو بھی ان پر ایمان رکھا دنیا آخرت میں کامیاب ہوا۔

رنگ بھرئے



اللّٰهُ رَبِّي

اللّٰهُ

الإِسْلَامُ دِينِي

اسلام

مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّي



مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ

وَسَلَّمَ نَبِيِّي



ہمارا رب کون ہے؟ .....

ہمارا دین کیا ہے؟ .....

ہمارے نبی کون ہے؟ .....

اللہ کی یاد سے انسان کو خوشی ملتی ہے



پیارے بچوں،
آپ جاننا چاہیں گے کہ نبی کسے کہتے ہیں۔

نبی اللہ کے وہ پیارے بندوں کو کہتے ہیں...

نبی

جن پر غیب سے وحی نازل ہوتی ہے انہیں نبی کہتے ہیں

انبیاء

کئی نبیوں کو انبیاء کہتے ہیں

124,000

دنیا میں اللّٰہ نے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء بھیجے۔

فرق

رسول اور نبی میں فرق: نبی بستی کی طرف بھیجے جاتے ہیں۔

رسول

رسول پوری قوم کی طرف بھیجے جاتے ہیں۔

قرآن

قرآن میں 25 انبیاء کا ذکر ہوا ہے۔



اللہ تعالیٰ دنیا میں جب اپنا کلام وحی بھیجنا چاہتا ہے تو کن لوگ کو چنتا ہے؟

- ☆ ہم سب کو
- ☆ صرف بڑے لوگ کو
- ☆ انبیاء کو

کئی نبیوں کو کیا کہتے ہیں ؟

- ☆ نبی
- ☆ ولی اللہ
- ☆ انبیاء

صحیح جواب سے ملائیں

ا. قرآن میں کتنے نبیوں کا ذکر ہے؟ —

- 1,24,000 —
- 28 –
- 25 —
- 1,20,000 —


ب. دنیا میں کتنے نبی آئے؟ —

رسول اور نبی میں فرق



رسول:

- رسول ساری قوم کی طرف بھیجے جاتے ہیں -





- رسول شریعت لے کر آئے۔



- رسول اپنی قوم کی سازش میں مارے نہیں جاسکتے۔

- ہر رسول نبی ہوسکتے ہیں -

نبی:



- نبی ایک بستی کی طرف بھیجے جاتے ہے۔



- نبی پچھلے نبیوں کی شریعت پر چلتے ہیں -



- بعض نبیوں کو قتل کیا گیا۔

- ہر نبی رسول نہیں ہوتے۔

puzzle پہیلی ڈھونڈیں

ب	ل	ا	ر	ت
ی	ب	ن	س	ع
م	س	ب	و	ی
و	ت	ی	ل	ر
ق	ی	ا ء	م	ش

👈 رسول

👈 نبي

👈 انبیاء

👈 بستی

👈 قوم

👈 شریعت

ذہانت آزمائیں

نبی	رسول.	نبی. رسول

☆ .....پوری قوم کی طرف آتے ہیں۔

☆ .....ایک خاص بستی کی طرف آتے ہیں ۔

☆ ہر نبی..... نہیں ہوتے۔

☆ .....پچھلی شریعت ہی کی طرف لوگوں کو بلاتے ہیں ۔

قرآن میں استعمال ہونے والے لفظ جوڑئے

رَسُولٌ	⟵	مُنْكَرُونَ
اَنْبِيَاءَ	⟵	اللّٰهِ
قَوْمٌ	⟵	مُبِينٌ





پیارے بچوں !

ہم جس دنیا 🗺️میں رہتے ہیں اللّٰہ نے اس میں خوب خوب 🌍 چیزیں بنائی۔

کہیں بڑے سمندر🌊 کہیں جنگل 🏕️ کہیں دریا🏞️ کہیں پہاڑ ⛰️کہیں 🏜️ریگستان

پھر اللّٰہ فرمایا یہ سب تمہارے لیے پیدا کیا۔ زمین میں خلیفہ بنایا کہ ہم اچھے بنیں اور اچھے کام کا حکم دیں اور برے کام سے روکیں۔

اتنی بڑی دنیا میں آپ کہاں رہتے ہو۔

آپ کو کس کس جگہ کے نام پتہ ہے اور کہاں سیر کرنا چاہتے ہے اپنے بھائیوں بہنوں کو سنائیں



محمد ﷺ
کا سلسلہ نسب
دادا ابراھیم علیہ السلام تک



4000سال پہلے ابراہیم علیہ السلام، عراق کے ایک شہر اُر، جو دریا فرات کے مغرب ساحل پر کوفہ کے قریب تھا رہتے تھے۔

نبوت کے بعد حران کی طرف حجرت کی، پھر فلسطین کو مرکز نبوت بنایا ۔

تبلیغ کے کام سے ایک بار ابراہیم علیہ السلام مصر گئے ۔

فلسطین میں موجود مسجد اقصٰی بابرکت مسجد ہے

وہاں کچھ وقت بعد بی بی ہاجرہ سے نکاح کیا۔
پھر فلسطین واپس آئے ۔

اللّٰہ کے حکم سے ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹے اسماعیل علیہ سلام اور بی بی ہاجرہ کو مکہ کی طرف لے گئے اور وہاں بسایا۔

اس طرح اللہ نے بنی اسماعیل کو حجاز میں لا بسایا۔

بنی اسماعیل میں کئی نیک لوگ آئے۔ جن میں ایک نیک اور قابل شخص کا نام قصی بن کلاب تھا۔ انہوں نے کعبہ کی تولیت سنبھالی۔

ان کے دوسرے بیٹے عبد مناف نے انکا مقام لیا۔

ان کے بیٹے ہاشم بہت فلاحی کام کئے اور مشہور ہے۔

ان کے بیٹے عبد المطلب تھے جو ہمارے پیارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا تھے۔ ان کو لوگ بہت پسند کرتے تھے۔





سوالات کے 👆 نقشے میں نشان⭕ بنائے

ا. نبوت سے پہلے ابراہیم علیہ السلام کدھر رہتے تھے؟

ب. حجرت کے بعد ابراہیم علیہ السلام نے کس مقام کو دین کا مرکز بنایا؟

ت. بی بی ہاجرہ کس مقام کی رہنے والی تھی؟

ث. ابراہیم علیہ السلام نے بیٹے اسماعیل علیہ السلام اور بی بی ہاجرہ کو کہاں لا بسایا؟

ابراہیم علیہ السلام اللہ کے دوست ہے

کھیلنا سوچنا سیکھنا

ا. ان میں کون نبی ہے؟ ✔ نشان بنائے

آدم علیہ السلام	ابراہیم علیہ السلام	ہابل	نوح علیہ السلام

ب. صحیح جواب سے ملائیں

میرا رب۔ — 

میرے نبی۔ — 

میرا دین۔ — 

ج. کس نبی کی اولاد کعبہ کے نگہبان بنے

نوح علیہ السلام	اسحاق علیہ السلام	اسماعیل علیہ السلام

اللہ اس کی مخلوق میں جسے چاہتا ہے دین اسلام کے کام کے لئے چن لیتا ہے



عربی کے حروف کو 'حروف هجائية' کہتے ہے۔
یہ 29 حروف ہے۔
جب یہ الگ الگ لکھے جائے تو
مفردات کہتے ہیں۔ اور انہیں
تجوید کے ساتھ عربی لہجہ
میں پڑھنا چاہئے۔
اردو حروف کی طرح "بے تے
ثے" نہیں پڑھنا چاہئے۔

حروف مفردات : الگ الگ پڑھے جانے والے عربی حروف کا صحیح تلفظ

ا اَلِفْ	ب بَا	ت تَا	ث ثَا	ج جِيْمْ
ح حَا	خ خَا	د دَالْ	ذ ذَالْ	ر رَا
ز زَا	س سِيْنْ	ش شِيْنْ	ص صَادْ	ض ضَادْ
ط طَا	ظ ظَا	ع عَيْنْ	غ غَيْنْ	ف فَا
ق قَافْ	ك كَافْ	ل لَامْ	م مِيْمْ	ن نُوْنْ
و وَاوْ	ه هَا	ء هَمْزَهْ	ى يَا	

خالی جگہ کو ترتیب والے حرف سے بھرئے

1. ب ت ◯
2. ج ◯ خ
3. ◯ ◯ ش
4. ظ ◯ غ
5. ◯ ◯ و
6. ◯ ع ◯
7. ◯ ◯ ص
8. ◯ س ◯
9. ی ◯ ◯
10. ◯ د ◯
11. ◯ ◯ ب
12. م ◯ و



ا. عربی حروف کو..... کہتے ہے

ب. حروف ہجائیة کتنے ہے؟ ..... ہے

ت. حروف هجائیة الگ الگ لکھے جائیں تو انهیں ..... کہتے ہے

ث. نیچے حروف هجائیة لکھئے

.....

.....

....


اللہ نے قرآن کو عربی زبان میں نازل کیا

منطق

آپ کی روز مرہ کے معمول میں جس ترتیب سے آپ کام کرتے ہو اس کے نیچے نمبر لکھیں





















Task Completed

اپنے پسند کا کام لکھیں

اپنے پسند کا کام لکھیں

اللہ شکور ہے، وہ اپنے بندوں کے نیک کام کی قدر کرتا ہے۔



قابل آدمی بننا ہو تو ہمیں کیا کرنا چاہیے ۔ صحیح جواب پر ⭕ بنائیں

- مزے سے سوتے رہنا
- محنت سے پڑھائی کرنا
- وقت کا صحیح استعمال کرنا
- دوستوں کے ساتھ سارا وقت بتانا



اپنے ارادے پہاڑ جیسے ہونے چاہیے

- ماں باپ کی دعائیں لینا
- اللّٰہ سے رہنمائی کی دعا مانگنا
- اپنا علم دوسروں کو بانٹنا

نیچے دئیے گئے تصویر ترتیب میں ہے فراغ مکمل کریئے ۔

اپنے رب سے جو چاہتے ہو مانگو وہ ہم سب کی باتیں سنتا ہے اور پورا کرتا ہے